# 09-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت،انسانی ذہانت کا متبادل نہیں ہو سکتی۔بٹس پلانی کے بین الاقوامی سابق طلبہ سے گورنر کا خطاب۔

۲۔وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آندھرا پردیش کے ساتھ پانی کے تنازعہ کے حل کیلئے تمام سیاسی جماعتوں سے تعاون کرنے کی اپیل کی۔

۳۔نائب وزیرِ اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے بجلی کی سربراہی والے اداروں سے کہا کہ وہ عوام پر برقی بوجھ عائد نہ کریں۔

۴۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست میں سرد ہوائیں چل رہی ہیں اور آئندہ دو دنوں کے دوران بعض علاقوں میں اقل ترین درجہ حرارت دو تا چار ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔

CM - Eco Tourism

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ ریاست میں گوداوری ندی کے داخل ہونے والے باسرا سے بھدرا چلم تک ایکو ٹورازم کا ریڈار قائم کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے 2027ء میں منعقد ہونے والے گوداوری پشکرالو کے ضمن میں ایکو ٹورازم کی ترقی کیلئے ایک منصوبہ کو تیار کرنے عہدیدار کو ہدایت دی۔ وزیر اعلیٰ نے حال ہی میں ریاست میں نئے پوسٹنگ حاصل کرنے والے آئی ایف ایس عہدیداروں کو مبارکباد بھی دی۔ وزیر اعلیٰ نے دوسرے ریاستوں سے آنے والے عہدیداروں کو تلگو زبان سیکھنے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ زبان کے سیکھنے سے عوام کے ساتھ تال میل میں بہتری آئے گی۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جنگلات و ماحولیات کی حفاظت کیلئے موثر اقدامات کرتے ہوئے نئی نسل کے اثاثہ کے طور پر جنگلات کی حفاظت کو یقینی بنانے محکمہ جنگلات کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے عوام پر برقی چارج جس کا بوجھ عائد نہ کرنے برقی سربراہی کے اداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ڈسکام کے معاشی خسارہ پر حکومت مناسب فیصلہ لے گی۔ برقی سربراہی کے اداروں نے اپنی سالانہ آمدنی اور ضروریات کے رپورٹ میں برقی چارج جس کا بوجھ عائد کئے بغیر برقی کونسل کو اپنی تجاویز پیش کی ہیں۔

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آج سدی پیٹ کے گرلز ہائی اسکول میں سی ایم کپ ٹارچ ریالی کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ دیہی علاقوں میں قابلیت رکھنے والے کھلاڑیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کو بہترین تربیت فراہم کرنے کے بعد ان کو اعلیٰ مقام تک لے جانے کیلئے حکومت سی ایم کپ کھیلوں کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے حکومت اسپورٹ پالیسی کو متعارف کروائی ہے۔ طلبہ کو تعلیم کے ساتھ کھیلوں پر بھی توجہ دینے پر زور دیا۔

Thummala

ریاستی وزیر زراعت ٹی ناگیشور راؤ نے مرکزی حکومت کی اجازت نہ ہونے والے ایچ ٹی کپاس کے بیجوں کو ریاست میں فروخت نہ ہونے کیلئے سخت اقدامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے ریاست کے سرحد پر ٹاسک فورس ٹیم قائم کرتے ہوئے اجازت نہ ہونے والے کپاس کے بیجوں کو ریاست میں آنے سے روکنے کیلئے موثر اقدامات کرنے پر زور دیا۔ ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے ریاست میں غیر قانونی اجازت نہ ہونے والے کپاس کے بیجوں کے پیاکٹس کی فروخت کو روکنے کے اقدامات کرنے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ بعض دلال اپنے مفادات کیلئے ایچ ٹی کپاس کے بیج غیر قانونی طور پر کسانوں کو فروخت کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے اس معاملہ پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دلال امتناع والے بیج کے ساتھ ملاوٹی بیجوں کو مہاراشٹرا، گجرات ریاستوں سے لاکر تلنگانہ سرحد کے علاقوں میں کسانوں کو فروخت کرنے کی کوشش کررہے ہیں جس کی نشاندہی کرلی گئی ہے۔

## Ministers Stone Foundation

ریاستی وزراٹی ناگیشورراؤ اوراتم کمار ریڈی نے بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے اشوارا ؤ پیٹ زرعی کالج میں گرلز ہاسٹل اورسی سی روڈ کی تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا اوراس موقع پر انہوں نے زرعی آلات کے ایک اسکیم کے افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کی۔

## Bioasia 2026

ریاستی وزیر صنعت سری دھر بابو نے ایشیاء میں مشہورو تاریخی لائف سائنسس ہیلتھ ٹیک کے طور پر جانے جانے والے بائیوایشیاء2026ء کے اجلاس کے ایک پوسٹر کو جاری کیا۔16 فروری سے 18 فروری تک بائیوایشیاء 2026ء کا اجلاس حیدرآباد میں منعقد ہونے والا ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ بائیوایشیاء 2026ء کے ذریعہ ٹیک بائیو انقلاب کوآگے بڑھاتے ہوئے صحتمند مستقبل کیلئے عالمی سطح کے ماہرین کو ایک پلیٹ فارم پرلانا اِس کا مقصد ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ 2047ء تک تین ٹریلین ڈالراکنامی کے معاشی نظام کیلئے لائف سائنسس کا شعبہ ایک اہم کردارادا کرے گا۔

## Aswani Vaishno

مرکزی وزیراطلاعات ونشریات اشونی ویشنواور وزیرمملکت برائے اطلاعات ونشریات ڈاکٹرایل مرُگن نے آج نئی دہلی میں کریٹرز کارنر کا افتتاح کیا۔پرسار بھارتی کی جانب سے آغاز کیا گیااس پروگرام کا مقصد ڈیجیٹل پلیٹ فارمس پر تخلیقی مواد کوپیش کرنا اوراس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔اس موقع پر اشونی ویشنو نے کہا کہ حکومت کا ہدف ایک کروڑنوجوانوں کو کریٹرا کنامی کے نظام سے جوڑنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سال وزارتِ اطلاعات ونشریات میں نئے آپریٹنگ سسٹم تیارکرنا بھی شامل ہے۔

GHMC

شہر حیدرآباد میں عمارتوں کی اجازت کی معیاد ختم ہونے کے بعد اجازت دئے گئے پلان کے مطابق ہی تعمیرات مکمل کرنے والے نان ہائی رئیج عمارتوں کے اکیوپنسی سٹرٹیفکیٹ کو جاری کرنے کیلئے کل گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کی جانب سے رہنمایانہ خطوط جاری کئے گئے۔عمارتوں کی تعمیر کیلئے اجازت حاصل کرتے ہوئے مقررہ معیاد کے اندر اکیوپنسی سٹرٹیفکیٹ حاصل نہ کرنے والوں کواجازت کے پلان کے مطابق ہی تعمیرات مکمل کرنے والے عمارتوں کو یہ رہنمایانہ خطوط لاگو ہوں گے۔ یہ بات جی ایچ ایم سی کمشنرآروی کرنن نے بتائی۔

Nirmala

مرکزی حکومت کی جانب سے یکم فروری کو پارلیمنٹ میں بجٹ پیش کیا جانے والا ہے۔اس بجٹ کے پیش نظر، مرکزی وزیرِ فینانس نرملا سیتارامن کی صدارت میں اس ماہ کی 10 تاریخ کو دہلی میں تمام ریاستوں کے وزرائے فینانس کا اجلاس منعقد ہوگا۔اس اجلاس میں ریاستوں کی ضروریات اوران کا مطالبہ نئے پروجیکٹوں اور دیگر امور پر وزیر فینانس نرملا سیتارامن ان سے تبادلہ خیال کریں گی۔اس اجلاس میں شرکت کیلئے تلنگانہ سے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کے علاوہ محکمہ فینانس کے اعلیٰ عہدیدار بھی دہلی کیلئے روانہ ہورہے ہیں۔

CM Revanth Redy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے رنگاریڈی ضلع کے راوی رالہ ای سٹی میں سوزین میڈی کیئر فیلوائیٹس کی تیاری کے یونٹ کا افتتاح کیا۔اس موقع پروزیراعلیٰ نے کہا کہ پانی کے تنازعہ کے آڑ میں سیاسی فائدہ حاصل کرنا کانگریس کا کوئی مقصد نہیں ہے۔انہوں نے سیاست سے بالاتر ہوکر اس مسئلہ کے حل کیلئے تمام سیاسی جماعتوں سے تعاون کرنے پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دونوں ریاستوں کے درمیان پائے

جانے والے پانی کے مسئلہ کو پرامن انداز میں حل کرنے کیلئے وہ آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو سے اپیل کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کرشنا ندی پر متحدہ ریاست میں موجود پروجیکٹوں کی اجازت میں رکاوٹ کی وجہ سے مرکزی حکومت سے فنڈ نہیں آرہا ہے جس کی وجہ سے ریاست پر معاشی بوجھ عائد ہورہا ہے۔ ہم اِس مسئلہ کیلئے کوئی تنازعہ نہیں چاہتے بلکہ اس کا حل چاہتے ہیں۔

## Weather

محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست میں مشرق اور جنوب مشرق سے سرد ہوائیں چل رہی ہے۔ آئندہ دو دنوں کے دوران بعض علاقوں میں اقل ترین درجہ حرارت معمول سے دو ڈگری تا چار ڈگری تک کم ریکارڈ ہونے کا امکان ہے۔

## Jishnu Dev Varma

بٹس پلانی نے تعلق رکھنے والے بین الاقوامی سابقہ طلبہ کا ایک پروگرام بٹس گلوبل میٹ بی جی ایم 26 کا چھٹواں ایڈیشن آج حیدرآباد کے بٹس کیمپس میں شروع ہوا۔ گورنر جشنو دیو ورما نے اس پروگرام کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر گورنر بات کرتے ہوئے کہا کہ بٹس پلانی صرف تعلیم کے حدتک ہی نہیں بلکہ کئی نسلوں کیلئے نئے اختراعات اور اخلاقی اقدار اور لیڈرشپ کے مقاصد کو پروان چڑھاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت، انسانی ذہانت کا متبادل نہیں ہوسکتی۔

## Road Safety

حیدرآباد کے پولیس کمشنر وی سی سجنار نے حیدرآباد میں سڑک حادثات کی روک تھام کیلئے مزید سخت اقدامات کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔ انہوں نے آج انٹی گریٹیڈ کمانڈ کنٹرول سنٹر آئی سی سی سی میں سڑک کے تحفظ پر منعقد کئے گئے ایک اجلاس میں بعد کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے سڑک حادثات کی روک تھام کیلئے تمام محکمہ جات کے آپسی تال میل کے ذریعہ کام کرنے پر زور دیا۔

water supply closed

حیدرآباد کو پینے کا پانی سربراہ کرنے والے کرشنا ندی پانی کے پائپ لائن کی مرمت کی وجہ سے حیدرآباد کے بعض علاقوں میں کل صبح چھ بجے سے اتوار کی شام چھ بجے تک یعنی 36 گھنٹے پینے کے پانی کی سربراہی متاثر رہے گی۔

○○